اسلامک کوئز سیریز




# آئین ختم نبوت کوئز



**9** نویں جماعت

محمد عثمان عارف

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں

# پیش لفظ

تعلیمی اداروں کے مقاصد میں سے میں سے ایک یہ بھی ہے کہ اپنے فارغ التحصیل طلباء میں دورِ جدید میں درپیش چیلنجز کا مقابلہ کرنے کی صلاحیت پیدا کرے۔ خصوصاً عصرِ حاضر کے پُرفتن دور میں اس کی ضرورت دو چند ہوگئی ہے۔ اس مقصد کو حاصل کرنے کا ایک آسان اور دلچسپ طریقہ بذریعہ سوال و جواب انھیں اہم معلومات بہم پہنچانا بھی ہے۔ زیرِ نظر کتابچہ اس مقصد کو مدّنظر رکھتے ہوئے خاص اسلوب میں ترتیب دیا گیا ہے۔

امید ہے کہ یہ کوشش طلباء کی ذہنی صلاحیتوں کو جلا بخشنے اور انھیں پیش آمدہ فتنوں کا سامنا کرنے کے قابل بنانے میں مددگار ثابت ہوگی۔


ٹائیٹل ڈیزائننگ : ............ محمد صفت الٰہی

ڈیزائننگ : ............ محمد احمد/ حسان عزیز

پروف ریڈنگ : ............ ام احسن

اشاعت : ............ چہارم

ناشر : ............ اساس انسٹیٹیوٹ

پبلشرز اینڈ ڈسٹری بیوٹرز

بسم الله الرحمن الرحيم

# فہرست مضامین

آئین ختم نبوت کوئز نویں جماعت


موضوع | 01 امتناع قادیانیت آرڈیننس 05

مختصر سوالات 06

کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's) 11

موضوع | 02 بنیادی انسانی حقوق اور فتنہ قادیانیت 15

مختصر سوالات 16

کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's) 23

موضوع | 03 حضرت عیسیٰ علیہ السلام 30

مختصر سوالات 31

کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's) 35

موضوع

# 01

# امتناع قادیانیت آرڈیننس

**اس سبق میں آپ سیکھیں گے:**

1984-1 میں کونسے قانون کے لیے تحریک چلائی گئی

1984-2 کے قانون کا نفاذ کیسے ہوتا ہے

1984-3 کے قانون کے مقاصد کیا ہیں

موضوع

# 01

# امتناع قادیانیت آرڈیننس

## مختصر سوالات

**سوال نمبر 01 |** آئین کسے کہتے ہیں؟

**جواب:** آئین ایک ایسا سیاسی ڈھانچہ ہے جس کے مطابق ریاست کا نظام چلایا جاتا ہے۔

**سوال نمبر 02 |** قانون کسے کہتے ہیں؟

**جواب:** کسی بھی ملک یا ادارے کے آئین کو نافذ کرنے کے لیے متعین کردہ اصول وضوابط قانون کہلاتے ہیں۔

**سوال نمبر 03 |** قانون سازی کا مقصد کیا ہے؟

**جواب:** قوانین بنانے کا مقصد ملکی اور انتظامی معاملات کو احسن طریقے سے چلانا، نیز سماجی اور معاشرتی استحکام کو یقینی بنانا ہے۔

**سوال نمبر 04 |** قوانین کون بناتا ہے؟

**جواب:** ایوانِ بالا (سینٹ) اور ایوانِ زیریں (قومی اسمبلی) دونوں مل کر قانون بناتے ہیں۔

**سوال نمبر 05 |** قوانین کس کی مرضی سے بنائے جاتے ہیں؟

**جواب:** قوانین کسی کی مرضی سے نہیں بلکہ حالات اور ضرورت کو مدنظر رکھتے ہوئے بنائے جاتے ہیں۔

**سوال نمبر 06 |** پارلیمینٹ قوانین کیسے بناتی ہے؟

**جواب:** پارلیمینٹ میں کسی بھی ممبر کی طرف سے کوئی نیا قانون بنانے کے لیے بل پیش ہوتا ہے جس پر تمام ممبران

اپنی اپنی آراء پیش کرتے ہیں اس کے بعد سپیکر اس پر رائے شماری کرواتا ہے، اگر اکثریت کا ووٹ بل کے حق میں ہوتو اسپیکر اس بل کے قانون بنائے جانے کا اعلان کرتا ہے۔ بصورتِ دیگر اسپیکر اسے ردّ کر دیتا ہے۔

**سوال نمبر 07** | قانون سازی میں سینٹ کا کیا کردار ہے؟

**جواب:** پارلیمینٹ اگر کسی اصولی اضابطے کو قانونی شکل دینا چاہتی ہے تو اسے پاس کر کے سینٹ میں پیش کر دیتی ہے۔ سینٹ میں اس بل پہ بحث ہوتی ہے اگر سینٹ بھی اسے پاس کر دے تو وہ قانون کا حصہ بن جاتا ہے۔

**سوال نمبر 08** | ملکی قوانین کے ضمن میں عدلیہ کا کردار واضح کیجیے؟

**جواب:** ملک میں موجود تمام قوانین کی تشریح اور وضاحت کرنا عدلیہ کی ذمہ داری ہے۔

**سوال نمبر 09** | ملکی قوانین کی عملداری میں پولیس کیا کردار ادا کرتی ہے؟

**جواب:** پولیس کا کام قانون پر عمل درآمد کروانا نیز اس کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف مناسب کارروائی کرنا ہے۔

**سوال نمبر 10** | 26 اپریل 1984ء کو کون سا قانون ملک کے آئین کا حصہ بنا؟

**جواب:** صدر پاکستان نے 26 اپریل 1984ء کو امتناع قادیانیت آرڈیننس 298-B اور 298-C جاری کیا جو بعد میں باقاعدہ صدارتی آرڈیننس اور قانون کا حصہ بن گیا۔

**سوال نمبر 11** | امتناع قادیانیت آرڈیننس کیا ہے؟

**جواب:** یہ ایک قانون ہے جو کہ قادیانیوں کو مسلمانوں کی شناخت استعمال کرنے سے روکتا ہے۔ مسلمانوں کے دینی حقوق کا تحفظ کرتا ہے اور قادیانیوں کو اسلام کے نام پر سادہ لوح مسلمانوں کو دھوکہ دینے نیز اسلام، شعائر اسلام اور اسلامی مقدس شخصیات کی توہین کرنے اور مسلمانوں کے جذبات مجروح کرنے سے روکتا ہے۔

**سوال نمبر 12** | 298-B اور 298-C کی تعریف کیجیے؟

**جواب:** (298-B) **تعریف:** اس قانون کے تحت قادیانی شعائر اسلامی اور اسلامی مقدس ہستیوں کے القابات کا استعمال نہیں کر سکتے۔ اس کے علاوہ مرزا قادیانی کے ماننے والوں کے لیے صحابی، خلیفۃ المسلمین، امہات المومنین جیسے الفاظ استعمال نہیں کر سکتے۔

(298-C) **تعریف:** اس قانون کے تحت قادیانی خود کو مسلمان نہیں کہہ سکتے، اپنے مذہب کی تبلیغ و اشاعت نہیں کر سکتے اور اپنی عبادت گاہ کی مسجد کی طرز پر تعمیر یا تشہیر نہیں کر سکتے اور اپنی عبادت کے لیئے بلانے والے طریقے کو اذان نہیں کہہ سکتے جس سے مسلمانوں کے احساسات مجروح ہوں۔

**سوال نمبر 13 |** 298-B کس وقت لاگو ہوتا ہے؟

**جواب:** اگر کوئی قادیانی مرزا قادیانی کے ہاتھ پر بیعت کر کے قادیانی ہونے والوں کو صحابی کہے، مرزا قادیانی کی بیوی کو ام المومنین کہے، مرزا قادیانی کی بیٹی کو سیدۃ النساء کہے مرزا قادیانی کے جانشینوں کو خلیفۃ المسلمین/ امیر المومنین کہے یا ان لوگوں کے لیے رضی اللہ عنہ / رضی اللہ عنہم جیسے الفاظ استعمال کرے یا مرزا قادیانی یا اس کے جانشینوں کے لیے صلوٰۃ وسلام کے الفاظ استعمال کرے تب یہ قانون لاگو ہوتا ہے۔

**سوال نمبر 14** 298-C| کس وقت لاگو ہوتا ہے؟

**جواب:** اگر قادیانی اپنے کفریہ عقائد کی تبلیغ کرے، اپنے کفریہ عقائد پر مبنی لٹریچر تقسیم کرے، خود کو مسلمان ظاہر کرے، اذان دے، اپنی عبادت گاہ کو مسجد کہے یا مسجد کی طرز پہ بنائے تب یہ قانون لاگو ہوتا ہے۔

**سوال نمبر 15 |** ان قوانین کو بنانے کا کیا مقصد تھا؟

**جواب:** یہ قوانین اس لیے بنائے گئے تا کہ قادیانی اسلامی شعائر کا استعمال کر کے مسلمانوں کو گمراہ نہ کر سکیں۔

**سوال نمبر 16 |** کیا یہ قوانین کسی غیر مسلم اقلیت کے حقوق کے خلاف ہیں؟

**جواب:** یہ قوانین کسی بھی غیر مسلم اقلیت کے حقوق کے خلاف نہیں ہیں بلکہ مسلمانوں کے حقوق کا تحفظ کرتے ہیں۔ کسی بھی غیر مسلم اقلیت کو یہ حق حاصل نہیں ہے کہ وہ اسلامی شعائر کا استعمال کرے۔

**سوال نمبر 17 |** کیا یہ قوانین کسی سیاسی یا مذہبی گروہ کے محض دباؤ کے تحت بنائے گئے؟

**جواب:** جی نہیں، یہ قوانین عوامی مطالبے کو مدنظر رکھتے ہوئے اسلامی وملکی مفاد کی خاطر بنائے گئے۔

**سوال نمبر 18 |** کیا ان قوانین کا اطلاق (لاگو) کروانا آسان ہے؟

**جواب:** جی بالکل ان قوانین کا اطلاق کروانا بہت آسان اور سادہ ہے۔ اگر کوئی قادیانی ان قوانین کی خلاف ورزی کرے تو گواہان و شواہد کی موجودگی میں اس کے خلاف کاروائی کی جاسکتی ہے۔

**جواب:** جی ہاں ان قوانین کا اطلاق بہت آسان اور سادہ ہے۔ اگر کوئی قادیانی ان قوانین کی خلاف ورزی کرے تو گواہان وشواہد کی موجودگی میں اس کے خلاف کاروائی کی جاسکتی ہے۔

**سوال نمبر 19** | کیا یہ قوانین معاشرے میں بدامنی پیدا کرنے کا باعث ہیں؟

**جواب:** جی نہیں بلکہ ( یہ قوانین معاشرے میں امن وسکون کی فضاء برقرار رکھنے کے ضامن ہیں۔ ان قوانین کی عدم موجودگی معاشرتی بدامنی کا باعث ہیں۔

**سوال نمبر20** | کیا پاکستان کی عام عوام ان قوانین پر عمل درآمد کرواسکتی ہے؟

**جواب:** جی ہاں پاکستان کا کوئی بھی شہری پوری آزادی سے ان قوانین پہ عمل درآمد کرواسکتا ہے۔

**سوال نمبر21** | کیا یہ قوانین قادیانیوں کے بنیادی حقوق کے خلاف ہیں؟

**جواب:** جی نہیں، بلکہ یہ قوانین قادیانیوں کے بنیادی حقوق کے دائرہ کار کا تعین کرتے ہیں۔

**سوال نمبر22** | کیا یہ قوانین قادیانیوں کے شہری حقوق کو پامال کرتے ہیں؟

**جواب:** یہ قوانین قادیانیوں کے شہری حقوق کے مخالف نہیں ہیں اور نہ ہی یہ ان کے حق غصب کرنے کا سبب ہیں۔

**سوال نمبر 23** | قادیانی ان قوانین کی مخالفت کیوں کرتے ہیں؟

**جواب:** یہ قوانین قادیانیوں کو اسلامی شعائر استعمال کرنے ،خود کو مسلمان کہنے، کلمہ پڑھنے ، اپنے کفریہ عقائد کی تبلیغ کرنے اور اپنا لٹریچر تقسیم کرنے سے روکتے ہیں۔ اس لیے قادیانی ان قوانین کے خلاف ہیں۔

**سوال نمبر24** | ان قوانین کا اسلام کو کیا فائدہ ہے؟

**جواب:** ان قوانین کی روسے پاکستان میں کوئی بھی غیر مسلم اقلیت شعائر اسلامی کا استعمال نہیں کرسکتی اور نہ ہی اسلام کے نام کو اپنے کفریہ عقائد کی تبلیغ کے لیے استعمال کرسکتی ہے۔

**سوال نمبر25** | ان قوانین کا مسلمانوں کو کیا فائدہ ہے؟

**جواب:** ان قوانین کی روسے کوئی بھی غیر مسلم اقلیت اسلام کے نام پہ مسلمانوں کو دھوکہ نہیں دے سکتی جس سے ان کا ایمان ضائع ہونے کا خدشہ ہو۔

**سوال نمبر26** | ان قوانین کا پاکستان کو کیا فائدہ ہے؟

**جواب:** ان قوانین نے قادیانیوں کی مذہبی سرگرمیوں کی حدود و اختیارات کا تعین کر دیا ہے تا کہ وہ حدود سے تجاوز نہ کریں، مسلمانوں کے جذبات مجروح نہ ہوں اور ملکی فضاء کو پر امن بنایا جاسکے۔

**سوال نمبر 27** | ان قوانین کا نفاذ کیسے ممکن ہے؟

**جواب:** ان قوانین کے نفاذ کے لیے ضروری ہے کہ پاکستان میں رہنے والے ہر مسلمان کو ان قوانین سے آگاہی حاصل ہو۔

**سوال نمبر 28** | ان قوانین کا دفاع کیسے کیا جاسکتا ہے؟

**جواب:** ان قوانین کا دفاع صرف اس صورت میں ممکن ہے جب پاکستان میں رہنے والے تمام مسلمانوں کو ان قوانین کی تفصیلات اور ان پہ ہونے والے اعتراضات کے جوابات کا علم ہو۔

**سوال نمبر 29** | ان قوانین کا دفاع کیوں ضروری ہے؟

**جواب:** دین اسلام، شعائر اسلام، مسلمانوں کے ایمان اور پاکستان کی نظریاتی سرحدوں کی حفاظت کے لیے ان قوانین کا دفاع بہت ضروری ہے۔

**سوال نمبر 30** | ہم ان قوانین کے دفاع میں اپنا کردار کیسے ادا کر سکتے ہیں؟

**جواب:** ہم اس موضوع پہ حاصل ہونے والی معلومات دوسروں تک پہنچا کر ان قوانین کے دفاع میں اپنا کردار ادا کر سکتے ہیں۔

**سوال نمبر 31** | ہم ان قوانین کے دفاع کے لیے کون کون سے طریقے اختیار کر سکتے ہیں؟

**جواب:** ہم سوشل، الیکٹرانک اور پرنٹ میڈیا کے ذرائع استعمال کر کے ان قوانین کا پرچار کر سکتے ہیں۔

# موضوع 01

# امتناع قادیانیت آرڈیننس

## کثیر الانتخابی سوالات

**سوال نمبر01 |** آئین کسے کہا جاتا ہے؟

- ایسا قانون جس کے تحت گھر کا نظام چلایا جاتا ہے۔
- ☑ **ایسا سیاسی ڈھانچہ جس کے مطابق ریاست کا نظام چلایا جاتا ہے۔**
- وہ قوانین جن کے مطابق عدالتی نظام چلایا جاتا ہے۔
- تینوں جوابات درست ہیں۔

**سوال نمبر02 |** قوانین کیوں بنائے جاتے ہیں؟

- ہسپتال چلانے کے لیے
- پولیس اسٹیشن چلانے کے لیے
- ☑ **ملکی معاملات چلانے کے لیے**
- کوئی جواب درست نہیں

**سوال نمبر03 |** قوانین کون بناتا ہے؟

- پارلیمنٹ
- سینیٹ
- عدالت
- ☑ **1 اور 2**

**سوال نمبر04 |** قوانین کس کی مرضی سے بنائے جاتے ہیں؟

- عدالت کی مرضی سے
- ☑ **حالات اور ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے**
- فوج کی مرضی سے
- سیاستدانوں کی مرضی سے

**سوال نمبر 05** | قوانین کے حوالے سے عدلیہ کا کیا کردار ہوتا ہے؟

■ قانون نافذ کرنا
☑ **تشریح اور وضاحت کرنا**
■ تنقید کرنا
■ قوانین بنانا

**سوال نمبر 06** | قوانین کے حوالے سے پولیس کیا کردار ادا کرتی ہے؟

☑ **عملدر آمد کروانا**
■ تشریح اور وضاحت کرنا
■ تنقید کرنا
■ قوانین بنانا

**سوال نمبر 07** | 1984ء کو کون سا قانون آئین کا حصہ بنا؟

■ 298-B
■ 298-C
■ 295-C
☑ **1 اور 2 درست ہیں**

**سوال نمبر 08** | قادیانیوں کو مسلمانوں کی شناخت استعمال کرنے سے روکنے والے قانون کا نام کیا ہے؟

☑ **امتناع قادیانیت آرڈیننس**
■ 302
■ 420
■ کوئی قانون نہیں

**سوال نمبر 09** | کون سا قانون قادیانیوں کو شعائر اسلام اور اسلامی مقدس ہستیوں کے نام استعمال کرنے سے روکتا ہے؟

☑ 298-B
■ 298-C
■ 295-C
■ 320

**سوال نمبر 10** | 298-B لاگو ہوتا ہے جب۔

■ مرزا پر پہلے ایمان لانے والوں کو صحابہ کہا جائے۔
■ مرزا کی بیٹی کو سیدۃ النساء کہا جائے۔
■ مرزائی اپنی عبادت کو مسجد کہیں۔
☑ **تینوں جوابات درست ہیں۔**

**سوال نمبر 11** | 298- C| لاگو ہوتا ہے جب......

■ مرزائی اپنے کفریہ عقائد کی تبلیغ کریں۔
■ کفریہ لٹریچر تقسیم کریں۔
■ اذان دیں۔
☑ **تینوں جوابات درست ہیں۔**

**سوال نمبر 12** | 298-B اور 298-C بنانے کا کیا مقصد تھا؟

■ قادیانی اسلامی شعائر کا استعمال نہ کریں۔

■ قادیانی مسلمانوں کو گمراہ نہ کریں۔

■ قادیانیوں کے بنیادی حقوق کو غصب کیا جائے۔

☑ **1 اور 2 درست ہیں۔**

**سوال نمبر 13** | قوانین کا معاشرے میں کیا کردار ہوتا ہے؟

☑ **معاشرہ میں امن وسکون کی فضا برقرار رہتی ہے۔**

■ معاشرہ میں بدامنی پھیلتی ہے۔

■ کوئی فائدہ نہیں۔

■ 1 اور 2 درست ہیں۔

**سوال نمبر 14** | کون سے قوانین قادیانیوں کے بنیادی حقوق کے دائرہ کار کا تعین کرتے ہیں؟

■ امتناع قادیانیت آرڈیننس

■ 295-C

■ 7 ستمبر 1974ء کی آئینی ترمیم

☑ **1 اور 3 درست ہیں**

**سوال نمبر 15** | پاکستان میں کون سے قوانین غیر مسلموں کو اسلامی شعائر کے استعمال سے روکتے ہیں؟

☑ **امتناع قادیانیت آرڈیننس**

■ 295-C

■ 420

■ 302

**سوال نمبر 16** | پاکستانی عوام کس طرح قوانین پر عمل درآمد کروا سکتا ہے؟

■ احتجاج کرکے

☑ **گواہان وشواہد کی روشنی میں**

■ سیاسی دباؤ کے ذریعے

■ نہیں کروا سکتا

**سوال نمبر 17** | امتناع قادیانیت آرڈیننس کا پاکستان کو کیا فائدہ ہوا؟

■ قادیانیوں کی مذہبی سرگرمیوں کی حدود واختیارات کا تعین ہو گیا ہے۔

■ مسلمانوں کے جذبات مجروح نہیں ہوئے۔

■ ملکی فضا پر امن ہوئی ہے۔

☑ **تینوں جواب درست ہیں۔**

**سوال نمبر 18** | قادیانی ان B-298 اور C-298 قوانین کے خلاف ہیں کیونکہ......

- ■ یہ قوانین بنیادی انسانی حقوق کے خلاف ہیں۔
- ☑ **قادیانیوں کو شعائر اسلامی استعمال کرنے سے روکتے ہیں۔**
- ■ ملکی سلامتی کے خلاف ہیں۔
- ■ کوئی جواب درست نہیں۔

**سوال نمبر 19** | ختم نبوت و ناموس رسالت سے متعلق قوانین کا دفاع کیوں ضروری ہے؟

- ■ تاکہ اسلام کی حفاظت ہو سکے
- ■ مسلمانوں کے ایمان کا تحفظ ہو سکے
- ■ پاکستان کی حفاظت ہو سکے
- ☑ **تینوں جوابات درست ہیں**

**سوال نمبر 20** | ہم ختم نبوت و ناموس رسالت سے متعلق قوانین کا دفاع کیسے کر سکتے ہیں؟

- ■ قوانین کی تفصیلات معلوم جان کر۔
- ■ قوانین پر ہونے والے اعتراضات کے جوابات کا علم حاصل کر کے۔
- ■ خاموش رہ کر۔
- ☑ **1 اور 2 درست ہیں**

موضوع

# 02

# بنیادی انسانی حقوق اور فتنہ قادیانیت

## اس سبق میں آپ جانیں گے :

1. بنیادی حقوق کا منشور کس ادارے نے پیش کیا؟
2. قادیانیت بنیادی انسانی حقوق کا سہارا کیوں لیتی ہے؟
3. کیا بنیادی انسانی حقوق قادیانیت کو سہارا فراہم کرتے ہیں؟

موضوع

# 02

# بنیادی انسانی حقوق اور فتنہ قادیانیت

## مختصر سوالات

**سوال نمبر 01 |** حقوق کسے کہتے ہیں؟

**جواب:** وہ تمام ذمہ داریاں جن کا ادا کرنا ہمارے لیے ضروری ہے۔ حقوق کہلاتے ہیں۔

**سوال نمبر 02 |** بنیادی انسانی حقوق سے کیا مراد ہے؟

**جواب:** وہ تمام حقوق جو معاشرہ اپنے لوگوں کے لیے طے کرتا ہے۔ بنیادی انسانی حقوق کہلاتے ہیں۔

**سوال نمبر 03 |** اسلام انسانی حقوق کے متعلق کیا کہتا ہے؟

**جواب:** اسلام صرف مسلمانوں کے حقوق پہ بات نہیں کرتا بلکہ ہر مذہب سے تعلق رکھنے والوں کے حقوق کو نہ صرف بیان کرتا ہے بلکہ ان کو ادا کرنے کی ترغیب بھی دیتا ہے نیز ان حقوق کو پامال کرنے والوں کے لیے سخت سزائیں مقرر کرتا ہے۔

**سوال نمبر 04 |** حقوق کے حوالے سے ایک آیت مبارکہ بتائیں۔

**جواب:** "اِنَّ اللّٰہَ یَأْمُرُ بِالْعَدْلِ وَالاِحْسَانِ وَاِیتَاء ذِی الْقُرْبَی وَیَنْھَی عَنِ الْفَحْشَاء وَالْمُنْکَرِ وَالْبَغْیِ یَعِظُکُمْ لَعَلَّکُمْ تَذَکَّرُوْنَ"

ترجمہ: بے شک اللہ حکم دیتا ہے عدل اور احسان کرنے کا، اور رشتہ داروں کو حق دینے کا، اور روکتا ہے بے حیائی، بُرائی اور سرکشی سے، وہ نصیحت کرتا ہے تم کو، تا کہ تم نصیحت حاصل کرو۔

**سوال نمبر 05 |** حقوق کے حوالے سے ایک حدیث مبارکہ بیان کریں۔

**جواب:** **لا یرحم اللہ من لا یرحم الناس ۔ (بخاری و مسلم)**

ترجمہ: ''اللہ تعالیٰ اس شخص پر رحم نہیں کرتا جو لوگوں پر رحم نہ کرے۔''

**سوال نمبر 06** | عالمی برادری سے کیا مراد ہے؟

**جواب:** وہ تمام ممالک و مذاہب جو کسی خاص مقصد کے حصول کے لیے ایک پلیٹ فارم پر جمع ہوں، عالمی برادری کہلاتے ہیں۔

**سوال نمبر 07** | عالمی برادری کا انسانی حقوق سے متعلق کیا مؤقف ہے؟

**جواب:** یہ کہ انسان آزاد ہے اور اسے کوئی بھی مذہب/نظریہ اختیار کرنے، تبدیل کرنے اور ان کی اجتماعی اور انفرادی تبلیغ کرنے کی آزادی حاصل ہے۔

**سوال نمبر 08** | پاکستان میں انسانی حقوق کے تحفظ کے لیے کون سا قانون موجود ہے؟

**جواب:** پاکستان میں انسانی حقوق کے تحفظ کے لیے آرٹیکل 20 کا قانون موجود ہے۔

**سوال نمبر 09** | انسانی حقوق کا دائرہ کار (حدود) کیا ہے؟

**جواب:** یہ کہ اپنے حقوق کے حصول کے لیے کسی دوسرے کا حق پامال نہ کیا جائے۔

**سوال نمبر 10** | کیا انسانی حقوق کے نام پر کسی کی جان، مال یا عزت آبرو کو نقصان پہنچایا جا سکتا ہے؟

**جواب:** انسانی حقوق کے نام پر کسی مذہب سے تعلق رکھنے والے لوگوں کی جان۔ مال اور عزت آبرو کو نقصان نہیں پہنچایا جا سکتا کیونکہ بنیادی انسانی حقوق ہر انسان کی عزت، مال اور جان کے تحفظ کو یقینی بناتے ہیں۔

**سوال نمبر 11** | کیا انسانی حقوق کے نام پر کسی کے مذہب یا دین پر حملہ کیا جا سکتا ہے؟

**جواب:** بنیادی انسانی حقوق کا نام استعمال کر کے کسی بھی مذہب یا دین کو نقصان نہیں پہنچایا جا سکتا۔

**سوال نمبر 12** | کیا انسانی حقوق کسی دوسرے کے مذہب یا دین کا نام اپنے خاص مقاصد کے حصول کے لیے استعمال کرنے کی اجازت دیتے ہیں؟

**جواب:** بنیادی انسانی حقوق کے نام پر کسی بھی مذہب کے نام یا اس کے خاص شعائر کو استعمال کرنا جرم ہے۔ بنیادی انسانی حقوق اس کی اجازت نہیں دیتے۔

**سوال نمبر 13** | عالمی سطح پر انسانی حقوق کے دفاع کے لیے کون سا ادارہ کام کر رہا ہے؟

**جواب:** اقوام متحدہ کا فورم عالمی سطح پر بنیادی انسانی حقوق کے حوالے سے آواز بلند کرتا ہے۔

۞ **سوال نمبر 14** | عالمی سطح پر انسانی حقوق کے دفاع کی کوششیں کرنے والا ادارہ حقیقتاً کس کے حقوق کا تحفظ کر رہا ہے؟

**جواب:** اقوام متحدہ پوری دنیا میں مسلمانوں کے علاوہ تمام مذاہب کے لوگوں کے حقوق کا دفاع کرتا ہے اور ان کے بنیادی حقوق کے لیے آواز بلند کرتا ہے۔

۞ **سوال نمبر 15** | قادیانی عالمی دنیا میں مسلمانوں اور خاص طور پر پاکستان کے متعلق کیا پروپیگنڈہ کرتے ہیں؟

**جواب:** عالمی دنیا میں قادیانی پاکستان کے خلاف یہ پروپیگنڈہ کرتے ہیں کہ پاکستان میں ان کے بنیادی انسانی حقوق پامال کیے جاتے ہیں۔ انھیں عبادت کرنے اور اپنے مذہب کی تبلیغ کرنے کی آزادی نہیں دی جاتی۔

۞ **سوال نمبر 16** | کیا پاکستان میں قادیانیوں کے بنیادی حقوق پامال کیے جا رہے ہیں؟

**جواب:** نہیں، پاکستان میں قادیانیوں کو ہر طرح کے بنیادی انسانی حقوق حاصل ہیں۔ مثلاً اپنے مذہب کے اظہار کا حق بنیادی ضروریات زندگی کی فراہمی وغیرہ۔

۞ **سوال نمبر 17** | قادیانیوں کے بنیادی انسانی حقوق کیا ہیں؟

**جواب:** اپنے الگ مذہب کا اظہار، اپنی شناخت کی وضاحت، اپنی عبادت گاہوں میں اپنے مذہب کے مطابق عبادت کرنا۔ اپنے ووٹ کے حق کا استعمال۔

۞ **سوال نمبر 18** | کیا اسلام، شعائر اسلام اور اسلامی القابات کا استعمال قادیانیوں کے بنیادی انسانی حقوق میں شامل ہے؟

**جواب:** ہرگز نہیں۔ بنیادی انسانی حقوق کا چارٹر قادیانیوں کو یہ حق نہیں دیتا کہ وہ اسلام کے نام یا شعائر کو اپنے لیے استعمال کریں۔ کیونکہ بنیادی انسانی حقوق کی رو سے اسلام، شعائر اسلام اور اسلامی القابات کے استعمال کا حق صرف مسلمانوں کو حاصل ہے۔

۞ **سوال نمبر 19** | کیا بنیادی انسانی حقوق کا چارٹر قادیانیوں کو یہ حق دیتا ہے کہ وہ خود کو مسلمان کہیں؟

**جواب:** جی نہیں۔ کیونکہ قادیانیوں کا مذہب، عقائد وغیرہ مسلمانوں کے مذہب اور عقائد سے جدا ہیں۔ لہٰذا انھیں خود کو مسلمان کہلوانے کا حق حاصل نہیں۔

۞ **سوال نمبر 20** | کیا بنیادی انسانی حقوق کے تحت قادیانی اپنے مذہب کو اسلام کا نام دے کر اس کی تبلیغ کر سکتے ہیں؟

**جواب:** بنیادی انسانی حقوق قادیانیوں کو یہ حق نہیں دیتے کہ وہ اسلام کے نام پر اپنے (کفریہ) عقائد کو اسلام کا نام دیں اور اسلام کے نام سے اپنے عقائد کی تبلیغ کریں۔لہٰذا ان کا یہ عمل مسلمانوں کے بنیادی انسانی حقوق کے خلاف ہے۔

**سوال نمبر 21 |** کیا بنیادی انسانی حقوق قادیانیوں کو اپنی شناخت، حقیقت (عقائد) چھپانے کی اجازت دیتے ہیں؟

**جواب:** جی نہیں، بنیادی انسانی حقوق قادیانیوں کو ہی نہیں۔ بلکہ کسی بھی مذہب کو یہ اختیار (حق) نہیں دیتے کہ وہ اپنی پہچان چھپائیں یا کسی دوسرے مذہب کا نام، شعائر یا لیبل استعمال کریں۔

**سوال نمبر 22 |** مسلمانوں کو اپنے مذہب کے متعلق بنیادی انسانی حقوق کیا ہیں؟

**جواب:** اسلام کے حوالے سے مسلمانوں کے بنیادی انسانی حقوق درج ذیل ہیں:

(1) ان کی توہین نہ کی جائے۔

(2) ان کے شعائر کو اپنے حق میں استعمال نہ کیا جائے۔

(3) انھیں اسلامی تعلیمات پہ عمل کرنے کی آزادی ہو

**سوال نمبر 23 |** کیا قادیانی مسلمانوں کے بنیادی انسانی حقوق ادا کر رہے ہیں؟

**جواب:** جی نہیں قادیانی مسلمانوں کے بنیادی انسانی حقوق کو پامال کر رہے ہیں اور ''اُلٹا چور کوتوال کو ڈانٹے'' کے مصداق عالمی سطح پہ اپنی مظلومیت کا ڈھنڈورا پیٹ رہے ہیں۔

**سوال نمبر 24 |** کیا قادیانی پاکستانی ہونے کے ناطے اپنی بنیادی آئینی ذمہ داریاں ادا کر رہے ہیں؟

**جواب:** قادیانی پاکستان کے آئین کو تسلیم نہیں کرتے۔ وہ اس کا مذاق اڑاتے، اس پہ اعتراضات کرتے اور قانون کی خلاف ورزی کے مرتکب ہوتے ہیں۔ وہ اپنی شناخت کو چھپاتے ہوئے شعائر اسلامی کا بے دریغ استعمال کرتے ہیں اور پاکستان کو دنیا میں بدنام کرتے ہیں وغیرہ۔

**سوال نمبر 25 |** حقیقتاً کون کس کے بنیادی انسانی حقوق کو پامال کر رہا ہے؟

**جواب:** اسلام کا نام، اسلامی شعائر و اسلامی القابات کا استعمال کر کے قادیانی حقیقتاً مسلمانوں کے بنیادی انسانی حقوق کو پامال کر رہے ہیں۔

**سوال نمبر 26** | بنیادی انسانی حقوق کی رو سے کیا کسی ملک کے شہری ہونے کے باوجود اس کے آئین وقانون کی خلاف ورزی یا انکار (بغاوت) کی گنجائش ہے؟

**جواب:** جی نہیں، بنیادی انسانی حقوق کسی بھی ملک کے باشندے کو اس بات کی اجازت نہیں دیتے کہ وہ ملک کے آئین وقانون کی خلاف ورزی کریں، آئین وقانون پر اعتراض اُٹھائیں یا ان کا مذاق اڑائیں۔

**سوال نمبر 27** | کیا مجرم کو جرم کے ارتکاب سے روکنا بنیادی انسانی حقوق کے خلاف ہے؟

**جواب:** جی نہیں! مجرم کو جرم سے روکنا بنیادی انسانی حقوق کے عین مطابق ہے۔ کیونکہ اگر ایسا نہ کیا جائے تو معاشرے میں ظلم وزیادتی عام ہوجائے گی اور معاشرے میں موجود دیگر لوگوں کے بنیادی انسانی حقوق پامال ہوں گے۔

**سوال نمبر 28** | کیا قادیانی پاکستان کے آئین/قانون کو اپنے بنیادی انسانی حقوق کے خلاف سمجھتے ہیں؟

**جواب:** جی ہاں! قادیانی 7 ستمبر 1974ء کی آئینی ترمیم اور 1984 کے صدارتی آرڈیننس اپنے بنیادی انسانی حقوق کے خلاف سمجھتے ہیں۔

**سوال نمبر 29** | 7 ستمبر 1974ء کی آئینی ترمیم کیا ہے؟

**جواب:** قادیانی اور مرزائی غیر مسلم اقلیت ہیں۔ ان کا اسلام سے کوئی تعلق نہیں ہے قانون کے تحت انھیں بھی وہی حقوق حاصل ہوں گے جو دیگر غیر مسلم اقلیتوں کو میسر ہیں۔

**سوال نمبر 30** | کیا 7 ستمبر 1974ء کی آئینی ترمیم قادیانیوں کے بنیادی انسانی حقوق کے خلاف ہے؟

**جواب:** جی نہیں، 7 ستمبر 1974ء کی آئینی ترمیم کا مقصد قادیانیوں کی پاکستان میں آئینی حیثیت واضح کرنا ہے۔ تاکہ ان کے لیے بنیادی انسانی حقوق کی فراہمی کو یقینی بنایا جاسکے۔

**سوال نمبر 31** | صدارتی آرڈیننس/امتناع قادیانیت آرڈیننس کیا ہے؟

**جواب:** امتناع قادیانیت آرڈیننس 1984ء کے تحت قادیانی خود کو مسلمان نہیں کہہ سکتے۔ اسلام کا نام، اسلامی علامات اور اسلامی شعائر استعمال نہیں کرسکتے، اسلامی القابات کو اپنے مذہبی پیشواؤں کے لیے اختیار نہیں کرسکتے اور کسی بھی انداز میں اپنے عقائد کی تبلیغ نہیں کرسکتے۔

**سوال نمبر 32** | کیا امتناع قادیانیت آرڈیننس قادیانیوں کے بنیادی انسانی حقوق کے خلاف ہے؟

**جواب:** جی نہیں، بلکہ امتناع قادیانیت آرڈیننس مسلمانوں کے بنیادی انسانی حقوق کا تحفظ کرتا ہے اور قادیانیوں کو مسلمانوں کے بنیادی انسانی حقوق پامال کرنے سے روکتا ہے۔

**سوال نمبر 33** | کیا قادیانیوں کا بائیکاٹ کرنا ان کے بنیادی انسانی حقوق کے خلاف ہے؟

**جواب:** جی نہیں، قادیانیوں کے بائیکاٹ کا اصل مقصد انھیں اسلام کا نام اور شعائر اسلامی استعمال کرنے سے باز رکھنا ہے۔ کیونکہ وہ اس کے ذریعے مسلمانوں میں ارتداد پھیلانے کی کوشش کرتے ہیں۔

**سوال نمبر 34** | کیا بنیادی انسانی حقوق عیسائیوں کو یہ اجازت دیتے ہیں کہ وہ خود کو یہودی کہیں؟

**جواب:** جی نہیں، کیونکہ عیسائیوں کی کتاب، پیغمبر، مذہب، عقائد و نظریات یہودیوں سے الگ اور جدا ہیں۔ اس لیے عیسائیوں کو یہ حق نہیں کہ وہ خود کو یہودی کہیں۔

**سوال نمبر 35** | کیا بنیادی انسانی حقوق مسلمانوں کو یہ اجازت دیتے ہیں کہ وہ خود کو عیسائی کہیں؟

**جواب:** جی نہیں، اگرچہ مسلمان حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو نبی کریم سے پہلے بھیجا جانے والا برحق نبی سمجھتے ہیں۔ لیکن اُن کی کتاب، پیغمبر، مذہب، عقائد و نظریات عیسائیوں سے الگ اور جدا ہیں اس لیے مسلمانوں کو یہ حق نہیں کہ وہ اپنے عقائد کے اظہار کے لیے کسی دوسرے مذہب کا نام استعمال کریں۔

**سوال نمبر 36** | کیا بنیادی انسانی حقوق قادیانیوں کو یہ اجازت دیتے ہیں کہ وہ خود کو مسلمان کہیں؟

**جواب:** قادیانی اپنے مذہب، عقائد و نظریات ہر اعتبار سے مسلمانوں سے الگ ہیں اور ان کا اسلام سے کوئی تعلق نہیں ہے، اس لیے قادیانی خود کو مسلمان نہیں کہہ سکتے۔ قادیانیوں کا خود کو مسلمان کہنا مسلمانوں کے بنیادی انسانی حقوق کی خلاف ورزی ہے۔

**سوال نمبر 37** | کیا بنیادی انسانی حقوق کے تحت قادیانی اپنے مخالفین کے لیے فحش زبان کے استعمال یا ان کے خلاف سازشیں کرنے کا حق رکھتے ہیں؟

**جواب:** جی نہیں، قادیانی یا کسی بھی مذہب سے تعلق رکھنے والوں کو یہ حق حاصل نہیں کہ وہ کسی دوسرے مذہب یا اپنے نہ ماننے والوں کے لیے فحش زبان استعمال کریں یا ان کے خلاف سازشوں کے جال بنیں۔

**سوال نمبر 38** | یہودی ریاست اسرائیل کی مسلم ممالک میں کیا حیثیت ہے؟

**جواب:** اسرائیل عربوں کے قلب میں پھوٹنے والا ناسور ہے تقریباً تمام مسلم ممالک نے اس کا مقاطعہ (بائیکاٹ) کر رکھا ہے اسے تسلیم نہ کرنے کے سبب پاکستانی پاسپورٹ سے اسرائیل سفر کرنے پر پابندی ہے۔

سوال نمبر 39 | کیا اسرائیل میں کسی کو مذہبی تبلیغ کرنے کی اجازت ہے؟

جواب : اسرائیل میں سوائے قادیانیوں کے کسی بھی مذہب سے تعلق رکھنے والوں کو مذہبی تبلیغ کرنے کی اجازت نہیں

سوال نمبر 40 | قادیانی تبلیغی مشن اسرائیل میں کیا کام سرانجام دیتا ہے؟

جواب : قادیانی تبلیغی مشن اسرائیل میں فلسطینی مقبوضہ علاقوں میں موجود مسلمانوں کے دلوں میں تشکیک اُبھا رہیں، عرب ریاستوں کی جاسوسی اور پاکستان کی اندرونی سیاست کے راز افشاء کرنے کا کام سرانجام دیتے ہیں۔

سوال نمبر 41 | کیا ریاست کے اندر ریاست بنانا انسانی بنیادی حقوق کا حصہ ہے؟

جواب : ریاست کے اندر ریاست قائم کرنا قانوناً بغاوت شمار ہوتا ہے اور یہ اسرائیل کے عمل سے مشابہ ہے کہ بنیادی انسانی حقوق کی واضح خلاف ورزی ہے۔

سوال نمبر 42 | پاکستان میں قادیانیوں کو کس نے اور کہاں زمین الاٹ کی؟

جواب : پاکستان میں صوبہ پنجاب کے انگریز گورنر نے قادیانیوں کو ربوہ (چناب نگر) کی سرزمین الاٹ کی۔ قادیانیوں کا ہیڈکوارٹر ہے۔

سوال نمبر 43 | ربوہ (چناب نگر) کا نظام کون، کیسے چلاتا ہے؟

جواب : انتظام وانصرام قادیوں کے ہاتھ میں ہے۔ان کی مرضی کے خلاف کوئی وہاں جگہ نہیں خرید سکتا، قادیانی نو کس ادارے میں نوکری کرے گا۔کس ادارے میں تعلیم حاصل کرے گا۔ان سب باتوں کا کنٹرول ربوہ کی انتظامیہ پاس ہے۔وہاں سے نوٹیفکیشن ملنے کے بعد ہی مذکورہ تمام کام کرنے کی اجازت ملتی ہے۔

سوال نمبر 44 | ربوہ اور اسرائیل کا آپس میں کیا تعلق ہے؟

جواب :اسرائیل پاکستان کو اپنا دشمن اور خطرے کا مقام قرار دیتا ہے اس کے باوجود اس نے پاکستانی اقلیت (قادیانیوں) کو اپنے ہاں دے رکھی ہے اور اپنے نام نہاد اصولوں کے برعکس صرف قادیانیوں کو تبلیغ کرنے کی اجازت دیتا ہے۔

سوال نمبر 45 | اسرائیل کے اپنے ملک میں قادیانیوں کے تبلیغی مشن کو اجازت دینے کی بنیادی وجہ کیا

جواب : اسرائیل اور بھارت دونوں پاکستان کے ازلی دشمن ہیں۔ پاکستان کے ان مشترکہ دشمنوں کے مابین اعتماد روابط بڑھانے کا کام صرف قادیانی جماعت بخوبی سرانجام دے سکتی ہے۔ واضح رہے کہ قادیانیوں تاسیسی قادیان ہندوستان میں جبکہ ہیڈکوارٹر ربوہ پاکستان میں واقع ہے۔

موضوع

# 02

# بنیادی انسانی حقوق اور فتنہ قادیانیت

## کثیرالانتخابی سوالات

**سوال نمبر 01** | حقوق کسے کہتے ہیں؟

■ وہ تمام ذمہ داریاں جن کا ادا کرنا ہمارے لیے ضروری نہیں۔

☑ **وہ تمام ذمہ داریاں جن کا ادا کرنا ہمارے لیے ضروری ہے۔**

■ وہ تمام ذمہ داریاں جن کا ادا کرنا دوسروں کے لیے ضروری ہے۔

■ تمام جوابات درست ہیں۔

**سوال نمبر 02** | بنیادی انسانی حقوق کون طے کرتا ہے؟

☑ **معاشرہ** ■ اقوام متحدہ ■ عالمی عدالت ■ حکومت

**سوال نمبر 03** | اسلام بنیادی انسانی بنیادی حقوق پامال کرنے والوں کے متعلق کیا کہتا ہے؟

■ حوصلہ افزائی کرتا ہے ■ حوصلہ شکنی کرتا ہے

■ سزا کا حکم دیتا ہے ☑ **2 اور 3**

**سوال نمبر 04** | عالمی برادری سے مراد ہے......

■ چند بڑے ممالک کا پلیٹ فارم ■ تمام مہذب ممالک کا پلیٹ فارم

■ 5 ممالک کا پلیٹ فارم ☑ **200 سے زائد ممالک کا پلیٹ فارم**

**سوال نمبر 05** | عالمی برادری انسانی حقوق سے متعلق کیا کہتی ہے؟

■ انسان آزاد ہے۔

■ انسان کوئی بھی مذہب اپنی مرضی سے اختیار کر سکتا ہے۔

■ انسان کو انفرادی و اجتماعی سطح پر تبلیغ کرنے کی اجازت ہے۔

☑ **تمام جوابات درست ہیں۔**

**سوال نمبر 06** | پاکستان میں انسانی حقوق سے متعلق موجود قانون کون سا ہے؟

■ A-260 ■ A-60

■ A-160 ☑ **A-20**

**سوال نمبر 07** | بنیادی انسانی حقوق کس چیز کے تحفظ کو یقینی بناتے ہیں؟

■ انسان کی عزت ■ انسان کی جان

■ انسان کا مال ☑ **تمام جوابات درست ہیں۔**

**سوال نمبر 08** | کسی بھی مذہب کا نام یا اس کے خاص شعائر اپنے ذاتی مقاصد کے لیے استعمال کرنے والے کو بنیادی انسانی حقوق کے چارٹر میں کیا حیثیت حاصل ہے؟

■ اجازت حاصل ہے ☑ **جرم سمجھا جاتا ہے اور اجازت نہیں دی جاتی۔**

■ خاموشی اختیار کی جاتی ہے۔ ■ حوصلہ افزائی کی جاتی ہے۔

**سوال نمبر 09** | عالمی سطح پر انسانی حقوق کے دفاع کے لئے کون سا ادارہ کام کر رہا ہے؟

☑ **(UNO)** ■ (WFO)

■ (IMF) ■ تمام جوابات درست ہیں

**سوال نمبر 10** | عالمی سطح پر انسانی حقوق کے دفاع کی کوشش کرنے والا ادارہ حقیقتاً کس قوم کے حقوق کا تحفظ کرتا ہے؟

■ مسلمانوں کا ■ یہودیوں کا

☑ **مسلمانوں کے علاوہ سب کا** ■ عیسائیت کے علاوہ سب کا

**سوال نمبر11** | قادیانی عالمی دنیا میں پاکستان کے متعلق کیا پروپیگنڈہ کرتے ہیں؟

- پاکستان میں ہمارے بنیادی حقوق سلب کیے جاتے ہیں۔
- ہمیں عبادت کرنے کی اجازت نہیں۔
- ہمیں کرنے کی اجازت نہیں۔
- ☑ **تمام جوابات درست ہیں۔**

**سوال نمبر 12** | پاکستان میں قادیانیوں کو کون سے بنیادی حقوق حاصل ہیں؟

- اپنے الگ مذہب کا اظہار کر سکتے ہیں
- اپنی شناخت واضح کر سکتے ہیں
- اپنی عبادت گاہ میں عبادت کر سکتے ہیں
- ☑ **تمام جوابات درست ہیں**

**سوال نمبر 13** | اسلام، شعائر اسلام اور اسلامی علامات کو استعمال کرنا کس کا بنیادی انسانی حق ہے؟

- عیسائیوں کا
- یہودیوں کا
- قادیانیوں کا
- ☑ **مسلمانوں کا**

**سوال نمبر 14** | اگر قادیانی، مرزا قادیانی کو نبی مانتے ہوئے اسلام، اسلامی شعائر اور اسلامی علامات کو استعمال کریں انھیں کیا کہا جائے گا؟

- آئین پاکستان کا غدار
- اقوام متحدہ کا غدار
- مسلمانوں کا غدار
- ☑ **1 اور 3**

**سوال نمبر15** | قادیانی مسلمانوں سے کس اعتبار سے جدا ہیں؟

- مذہب کے اعتبار سے
- سیاسی اعتبار سے
- ☑ **ہر چیز کے اعتبار سے**
- کوئی فرق نہیں

**سوال نمبر 16** | بنیادی انسانی حقوق کس مذہب کو اپنی شناخت اور حقیقت چھپانے کی اجازت دیتے ہیں؟

- قادیانیوں کو
- ہندوؤں کو
- یہودیوں کو
- ☑ **کسی مذہب کو نہیں**

**سوال نمبر 17** | کون لوگ اپنا مذہب، شناخت اور حقیقت چھپاتے ہیں؟

■ سکھ ■ یہودی

☑ قادیانی ■ عیسائی

**سوال نمبر 18** | مسلمانوں کے اپنے مذہب کے حوالے سے بنیادی انسانی حقوق کیا ہیں؟

■ اسلام کی توہین نہ کی جائے۔

■ مسلمانوں کے علاوہ کوئی بھی شعائر اسلام کو استعمال نہ کرے۔

■ اسلامی تعلیمات پر عمل کرنے میں آزادی ہو۔

☑ **تمام جوابات درست ہیں۔**

**سوال نمبر 19** | قادیانیوں کے نزدیک آئین پاکستان کی کیا حیثیت ہے؟

■ پاکستان کے آئین کو تسلیم نہیں کرتے۔

■ اس کا مذاق اُڑاتے اور اعتراضات اُٹھاتے ہیں۔

■ آئین کی خلاف ورزی کرتے ہیں۔

☑ **تمام جوابات درست ہیں۔**

**سوال نمبر 20** | ملک میں رہتے ہوئے ملک کے آئین کا انکار کرنا کس قسم کا جرم شمار کیا جاتا ہے؟

☑ **بغاوت کا** ■ چوری کا

■ تہمت کا ■ کوئی نہیں

**سوال نمبر 21** | اگر مجرم کو جرم سے نہ روکا جائے تو معاشرے کو کیا نقصان ہوگا؟

■ کوئی نقصان نہیں ہوگا۔

■ انسان محفوظ نہیں رہیں گے۔

■ بنیادی انسانی حقوق محفوظ نہیں رہیں گے۔

☑ **2 اور 3 درست ہے۔**

سوال نمبر 22 | قادیانی پاکستان کے کس قانون کو اپنے بنیادی انسانی حقوق کے خلاف سمجھتے ہیں؟

- 1974ء کے آئینی ترمیم کو
- 298-B
- 298-C
- ☑ تمام جوابات درست ہیں

سوال نمبر 23 | 7 ستمبر 1974ء کی آئینی ترمیم کیا ہے؟

- ☑ قادیانی اور مرزائی غیر مسلم اقلیت ہیں ان کا اسلام سے کوئی تعلق نہیں۔
- گستاخ رسول کی سزا موت ہے۔
- قادیانی زندیق ہیں۔
- کوئی جواب درست نہیں۔

سوال نمبر 24 7 ستمبر 1974ء کی آئینی ترمیم کا مقصد کیا تھا؟

- قادیانیوں کے حقوق سلب کرنا۔
- قادیانیوں کی آئینی حیثیت واضح کرنا۔
- بنیادی انسانی حقوق کی فراہمی کو یقینی بنانا۔
- ☑ 2 اور 3

سوال نمبر 25 | امتناع قادیانیت آرڈیننس کب جاری ہوا؟

- ☑ 1984ء کو
- 1974ء کو
- 1999ء کو
- 2018ء کو

سوال نمبر 26 | کس قانون کے تحت قادیانی اسلام اور شعائر اسلام کو استعمال نہیں کر سکتے؟

- ☑ امتناع قادیانیت آرڈیننس (298(B-C۔
- 302
- 295-C
- کسی قانون کے تحت نہیں۔

سوال نمبر 27 | پاکستان میں کون سا قانون قادیانیوں کے بنیادی انسانی حقوق کے خلاف ہے؟

- امتناع قادیانیت آرڈیننس (298(B,C
- 295-C
- 420
- ☑ کوئی بھی قانون نہیں۔

سوال نمبر 28 | قادیانیوں کا بائیکاٹ کیوں کیا جاتا ہے؟

■ ذاتی دشمنی کی وجہ سے ■ اسلام کا نام استعمال کرنے کی وجہ سے

■ مسلمانوں میں ارتداد پھیلانے کی وجہ سے ☑ 2 اور 3

**سوال نمبر 29** | دنیا کے کس مذہب کو اپنے لیے کسی دوسرے مذہب کا نام استعمال کرنے کا اختیار حاصل ہے؟

■ عیسائیت کو ■ یہودیت کو

■ قادیانیت کو ☑ **کسی مذہب کو اختیار حاصل نہیں**

**سوال نمبر 30** | قادیانی اپنے مخالفین سے کیا برتاؤ کرتے ہیں؟

■ اچھے اخلاق سے پیش آتے ہیں ☑ **گالیاں دیتے ہیں**

■ مدد کرتے ہیں ■ کچھ نہیں کرتے

**سوال نمبر 31** | یہودی ریاست اسرائیل کی مسلم ممالک میں کیا حیثیت ہے؟

■ قلب میں رِستا ناسور ■ دوست

■ دشمن ☑ **1 اور 3 درست ہیں**

**سوال نمبر 32** | اسرائیل میں کس مذہب کے علاوہ تمام مذاہب کی تبلیغ پر پابندی ہے؟

■ اسلام ■ عیسائیت ☑ **قادیانیت** ■ سکھ مت

**سوال نمبر 33** | قادیانی تبلیغی مشن اسرائیل میں کیا کام سرانجام دیتا ہے؟

■ عرب ممالک کی جاسوسی ■ مسلمانوں کے ایمان کو لوٹتا ہے

■ پاکستان کی جاسوسی ☑ **تمام جوابات درست ہیں**

**سوال نمبر 34** | ریاست کے اندر ریاست بنانا کس حکم کے تحت آتا ہے؟

☑ **بغاوت** ■ وفاداری ■ حب الوطنی ■ اچھے کام

**سوال نمبر 35** | پاکستان میں قادیانیوں کی ریاست کا نام بتائیے؟

☑ **چناب نگر (ربوہ)** ■ سرگودھا ■ کوئٹہ ■ لاہور

**سوال نمبر 36** | ربوہ کی زمین قادیانیوں کو کس نے الاٹ کی؟

■ لیاقت علی خان ☑ **سر فرانسس موڈی**

■ ناظم الدین ■ کوئی جواب درست نہیں

**سوال نمبر 37** | ربوہ اور اسرائیل کا آپس میں کیا تعلق ہے؟

☑ **بھائی بھائی** ■ دشمن ■ ہمسائے ■ کوئی تعلق نہیں

**سوال نمبر 38** | اسرائیل اور بھارت کا مشترکہ دشمن کون ہے؟

■ ایران ■ سعودی عرب ☑ **پاکستان** ■ چین

**سوال نمبر 39** | قادیانیوں کا ہیڈ کوارٹر کہاں ہے؟

■ ربوہ (پاکستان) ■ قادیان (ہندوستان)

☑ لندن ■ اسرائیل

**سوال نمبر 40** | ربوہ کا موجودہ نام کیا ہے؟

■ چنیوٹ ☑ **چناب نگر**

■ باب الاسلام ■ کوئی جواب درست نہیں

موضوع

03

# حضرت عیسیٰ

## اس سبق میں آپ جانیں گے :

1. حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے متعلق اسلامی عقیدہ کیا ہے؟
2. حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی ذات کے متعلق نشانیاں کیا ہیں؟
3. حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے دنیا میں دوبارہ آنے کا مقصد کیا ہوگا؟

موضوع

# 03

# حضرت عیسیٰ علیہ السلام

## مختصر سوالات

**سوال نمبر 01** | حضرت عیسیٰ علیہ السلام کون ہیں؟

**جواب:** حضرت عیسیٰ علیہ السلام اللہ کے جلیل القدر نبی اور رسول ہیں۔

**سوال نمبر 02** | حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر اللہ تعالیٰ نے کونسی کتاب نازل فرمائی تھی؟

**جواب:** حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر اللہ تعالیٰ نے انجیل نازل فرمائی تھی۔

**سوال نمبر 03** | حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو اللہ تعالیٰ نے کس قوم کے لیے مبعوث فرمایا؟

**جواب:** حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو اللہ تعالیٰ نے بنی اسرائیل کی طرف مبعوث فرمایا تھا۔

**سوال نمبر 04** | حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی پیدائش کیسے ہوئی؟

**جواب:** عیسیٰ علیہ السلام کو اللہ تعالیٰ نے بن باپ پیدا کیا یعنی حضرت جبرائیل علیہ السلام نے اللہ تعالیٰ کے حکم سے حضرت مریم کے گریبان میں پھونک ماری تھی جس سے حضرت مریم علیہا السلام کو حمل قرار پا گیا۔ اس عمل کو اللہ تعالیٰ نے اپنی طرف منسوب کیا ہے اس طرح حضرت عیسیٰ علیہ السلام اس دنیا میں تشریف لائے۔

**سوال نمبر 05** | حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے دیگر نام کون کون سے ہیں؟

**جواب:** آپ کو حضرت عیسیٰ ابن مریم، حضرت مسیح ابن مریم، ابن مریم علیہ السلام کے نام سے پکارا جاتا ہے۔

**سوال نمبر 06** | کیا حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو یہودیوں نے صلیب پر چڑھایا یا قتل کیا تھا؟

**جواب:** جی نہیں نہ وہ قتل کیے گئے نہ ہی صلیب پر چڑھائے جاسکے جب یہودی حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو گرفتار کرنے کے لیے تو اللہ تعالیٰ نے انہیں زندہ آسمان پر اٹھا لیا تھا۔

۞ **سوال نمبر 07** | کیا حضرت عیسیٰ علیہ السلام آسمانوں میں زندہ ہیں؟

**جواب:** جی ہاں حضرت عیسیٰ علیہ السلام آسمان پر جسم سمیت زندہ حالت میں موجود ہیں۔

۞ **سوال نمبر 08** | حضرت عیسی علیہ السلام کون سے آسمان پر زندہ حالت میں موجود ہیں؟

**جواب:** حضرت عیسیٰ علیہ السلام دوسرے آسمان پر زندہ حالت میں موجود ہیں جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم معراج پر تشریف لے گئے تھے تو انھوں نے حضرت عیسی علیہ السلام سے دوسرے آسمان پر ملاقات فرمائی تھی۔

۞ **سوال نمبر 09** | حضرت عیسیٰ علیہ السلام آسمان پہ کھانے پینے اور بول و براز کی بشری ضروریات کیسے پوری کرتے ہوں گے؟

**جواب:** حضرت عیسیٰ علیہ السلام آسمان پر ہیں کے باشندوں پر آسمان والوں کے قوانین چلتے ہیں۔ان کی غذا احمد و تقدیس باری تعالیٰ ہے اس لیے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو نا تو کھانے کی ضرورت پیش آئے گی اور نہ ہی بول و براز کی حاجت ہوگی۔

۞ **سوال نمبر 10** | کیا حضرت عیسی علیہ السلام کی زندہ حالت میں آسمان پر موجودگی پہ ایمان لانا ہر مسلمان کے لیے لازم ہے؟ آسمان پر ماننا ایک مسلمان کے لیے ضروری ہے؟

**جواب:** جی ہاں ایک مسلمان کے لیے ضروری ہے کہ وہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی جسم سمیت زندہ حالت میں آسمان پر موجود ہونے پہ ایمان رکھتا ہو۔یہی امت مسلمہ کا متواتر اور قطعی عقیدہ ہے جو گزشتہ چودہ سو سال سے چلا آ رہا ہے صحابہ کرام تابعین تبع تابعین ائمہ مجتہدین میں سے ایک فرد بھی ایسا نہیں تھا جو اس عقیدے کا قائل نہ ہو

۞ **سوال نمبر 11** | ایسا شخص جو حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی حیات و رفع جسمانی کا منکر ہے۔کیا وہ مسلمان کہلائے گا؟

**جواب:** حضرت عیسی علیہ السلام کی حیات، رفع جسمانی کا منکر شخص کافر اور دائرہ اسلام سے خارج ہے۔

۞ **سوال نمبر 12** | کیا حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی حیات، رفع جسمانی اور نزول علی الارض قرآن وحدیث سے ثابت ہے؟

**جواب:** قرآنِ کریم کے متعدد آیتوں سے یہ ثابت ہے کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت علیہ السلام کو زندہ آسمان پر اٹھا لیا اور اسی طرح متعدد احادیث میں قیامت کے نزدیک آپ علیہ السلام کے دنیا میں دوبارہ نزول کی خبر دی گئی ہے۔

**سوال نمبر 13** | کیا حضرت عیسی علیہ السلام دوبارہ دنیا میں نازل ہوں گے؟

**جواب:** جی ہاں حضرت عیسیٰ علیہ السلام دوبارہ دنیا میں نازل ہوں گے۔

**سوال نمبر 14** | حضرت عیسیٰ علیہ السلام دنیا میں کب نازل ہوں گے؟

**جواب:** دجال کے دنیا میں ظہور کے بعد حضرت عیسیٰ علیہ السلام زمین پر نازل ہوں گے وہ دجال کو قتل کریں گے اور دنیا میں امن کا بول بالا کریں گے۔

**سوال نمبر 15** | حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا نزول کس شہر میں ہوگا۔

**جواب:** حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا نزول دمشق میں ہوگا

**سوال نمبر 16** | حضرت عیسی علیہ السلام آسمان سے کیسے اتریں گے؟

**جواب:** حضرت عیسی علیہ السلام اپنے دونوں ہاتھ فرشتوں کے کندھوں پر رکھے ہوئے آسمان سے اتریں گے

**سوال نمبر 17** | حضرت عیسیٰ علیہ السلام کس لباس میں نازل ہوں گے؟

**جواب:** حضرت عیسی علیہ السلام دو زرد رنگ کی چادریں پہنے ہوئے نازل ہوں گے۔

**سوال نمبر 18** | حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا نزول کس وقت ہوگا؟

**جواب:** حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا نزول نماز فجر کے وقت ہوگا۔

**سوال نمبر 19** | حضرت عیسیٰ علیہ السلام فجر کی نماز کس کی امامت میں ادا فرمائیں گے؟

**جواب:** حضرت عیسیٰ علیہ السلام حضرت امام مہدی علیہ السلام کی امامت میں نماز فجر ادا فرمائیں گے۔

**سوال نمبر 20** | حضرت عیسیٰ علیہ السلام نزول کے بعد کتنا عرصہ زندہ رہیں گے؟

**جواب:** حضرت عیسیٰ علیہ السلام دنیا میں نزول کے بعد تقریبا چالیس سال زندہ رہیں گے۔

**سوال نمبر 21** | کیا حضرت عیسیٰ علیہ السلام نزول کے بعد نکاح بھی کریں گے؟

**جواب:** جی ہاں وہ نکاح بھی کریں گے۔

**سوال نمبر 22** | حضرت عیسیٰ علیہ السلام کس قوم میں نکاح کریں گے؟

**جواب:** حضرت عیسیٰ علیہ السلام حضرت شعیب علیہ السلام کی قوم میں نکاح کریں گے۔

۞ **سوال نمبر 23** | حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی کتنی اولاد ہوگی ان کے کیا نام ہوں گے؟

**جواب:** حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے دو بیٹے ہوں گے ان کے نام بالترتیب موسیٰ اور محمد ہوں گے۔

۞ **سوال نمبر 24** | حضرت عیسیٰ علیہ السلام بحیثیت نبی تشریف لائیں گے یا بحیثیت امتی!؟

**جواب:** حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا دنیا میں دوبارہ نزول بحیثیت امتی رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہوگا۔ان کی شریعت منسوخ ہوگئی ہوگی اس لیے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شریعت کی پیروی کریں گے اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے خلیفہ ہوں گے۔البتہ انھیں نبوت کا شرف بدستور حاصل رہے گا۔

۞ **سوال نمبر 25** | کیا حضرت عیسیٰ علیہ السلام آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے روضہ مبارک میں حاضری دیں گے؟

**جواب:** جی ہاں حضرت عیسی علیہ السلام رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے روضہ مبارک پر حاضری دیں گے اور سلام پیش کریں گے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جواب دیں گے جو لوگ اس وقت موجود ہوں گے وہ یہ جواب سنیں گے۔

۞ **سوال نمبر 26** | حضرت عیسیٰ علیہ السلام قتل دجال کے علاوہ اور کون کون سے کارنامے انجام دیں گے؟

**جواب:** حضرت عیسیٰ علیہ السلام قتل دجال کے علاوہ صلیب کو توڑیں گے اور خنزیر کی پیدائش کا سلسلہ منقطع کریں گے۔

۞ **سوال نمبر 27** | حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے نزول کے بعد دنیا کا نقشہ کیا ہوگا؟

**جواب:** حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے نزول کے بعد اللہ تعالیٰ اسلام کے سوا تمام ادیان و مذاہب کا دنیا سے خاتمہ کر دے گا اور زمین پہ امن وامان کا دور دورہ ہوگا شیر اور بکری ایک گھاٹ سے پانی پیئیں گے۔بچے سانپوں سے کھیلیں گے۔کوئی کسی کو نقصان نہ پہنچائے گا پھر ان کی وفات ہوگی اور مسلمان ان کا نماز جنازہ پڑھیں گے۔

۞ **سوال نمبر 28** | حضرت عیسیٰ علیہ السلام کہاں دفن ہوں گے؟

**جواب:** حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے روضہ مبارک میں دفن کیا جائے گا۔

۞ **سوال نمبر 29** | کیا حضرت عیسیٰ علیہ السلام اور امام مہدی علیہ السلام ایک ہی شخصیت کے دو نام ہیں؟

**جواب:** جی نہیں امام مہدی حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے علیحدہ شخصیت ہیں۔

موضوع

# 03 حضرت عیسیٰ علیہ السلام

## کثیر الانتخابی سوالات

**سوال نمبر 01** | حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے متعلق اسلامی عقیدہ کیا ہے؟

- ■ اللہ تعالیٰ کے برگزیدہ نبی و رسول ہیں
- ■ صاحب شریعت ہیں
- ■ اللہ تعالیٰ نے انھیں بن باپ پیدا کیا ہے
- ☑ **تمام جوابات درست ھیں۔**

**سوال نمبر 02** | حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر کون سی کتاب نازل ہوئی؟

- ■ قرآن مجید
- ☑ **انجیل**
- ■ زبور
- ■ تورات

**سوال نمبر 03** | حضرت عیسیٰ علیہ السلام کس قوم کی طرف مبعوث کیے گئے؟

- ☑ **بنی اسرائیل**
- ■ قوم لوط
- ■ قوم ثمود
- ■ امت محمدیہ

**سوال نمبر 04** | حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو کس نام سے پکارا جاتا ھے؟

- ■ حضرت عیسیٰ ابن مریم
- ■ حضرت مسیح ابن مریم
- ■ حضرت ابن مریم
- ☑ **تمام جوابات درست ہیں**

**سوال نمبر 05** | حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے ساتھ یہودیوں نے کیسا رویہ اپنایا؟

- ■ دعوت قبول نہیں کی
- ■ قتل کرنے کی کوشش کی
- ■ صیلب پر چڑھانے کی کوشش کی
- ☑ **تمام جوابات درست ہیں**

سوال نمبر 06 | کون سے نبی آسمانوں پر زندہ حالت میں موجود ہیں؟

- ■ حضرت ابرہیم علیہ السلام
- ■ حضرت آدم علیہ السلام
- ☑ **حضرت عیسیٰ علیہ السلام**
- ■ حضرت موسیٰ علیہ السلام

سوال نمبر 07 | حضرت عیسیٰ علیہ السلام کون سے آسمان پر زندہ حالت میں موجود ہیں؟

- ☑ **دوسرے آسمان پر**
- ■ چوتھے آسمان پر
- ■ پانچویں آسمان پر
- ■ ساتویں آسمان پر

سوال نمبر 08 | اس شخص کے بارے میں کیا حکم ہے جو حیات حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا منکر ہو؟

- ■ مسلمان ہے
- ☑ **کافر ہے**
- ■ منافق ہے
- ■ فاسق ہے

سوال نمبر 09 | حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا نزول کس شہر میں ھوگا؟

- ■ مدینہ میں
- ☑ **دمشق میں**
- ■ بیت المقدس میں
- ■ مکہ کرمہ میں

سوال نمبر 10 | حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا نزول کس وقت ہوگا؟

- ☑ **نمار فجر کے وقت**
- ■ نماز ظہر کے وقت
- ■ نماز عصر کے وقت
- ■ نماز عشاء کے وقت

سوال نمبر 11 | حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی نزول کے وقت کیفیت کیا ہوگی؟

- ■ دوزرورنگ کی چادریں پہنے ہوں گے
- ■ بالوں سے پانی لپک رہا ہوگا
- ■ دوفرشتوں کے کندھوں پر ہاتھ رکھا ہوا ہوگا
- ☑ **تمام جوابات درست ہیں**

سوال نمبر 12 | حضرت عیسیٰ علیہ السلام کتنا عرصہ زمین پر زندہ رہیں گے؟

- ■ 30 سال
- ☑ **40 سال**
- ■ 50 سال
- ■ 60 سال

سوال نمبر 13 | حضرت عیسیٰ علیہ السلام کون سے کارنامے سرانجام دیں گے؟

- ■ دجال کو قتل کریں گے
- ■ صلیب کو توڑیں گے
- ■ خنزیر کی پیدائش کا سلسلہ ختم کریں گے
- ☑ **تمام جوابات درست ہیں**

**سوال نمبر 14** | حضرت عیسیٰ علیہ السلام کس نبی کی قبر اطہر پر حاضری دے کر سلام پیش کریں گے تو قبر سے جواب بھی ملے گا؟

☑ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
■ حضرت نوح علیہ السلام
■ حضرت ابراہیم علیہ السلام
■ حضرت آدم علیہ السلام

**سوال نمبر 15** | حضرت عیسیٰ علیہ السلام کہاں دفن ہوں گے؟

■ بیت المقدس میں
■ دمشق میں
■ مکہ مکرمہ میں
☑ روضہ رسول میں صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

# حوالہ جات

موضوع 1

## امتناع قادیانیت آرڈیننس

- 295B,295C | آئین پاکستان

موضوع 2

## بنیادی انسانی حقوق

- یو این منشور | چارٹر

موضوع 3

## حضرت عیسیٰ علیہ السلام

- رفع ونزول عیسیٰ علیہ السلام | منیر احمد علوی صاحب

Lesson Plan for Grade 9 (4th Edition)

**Distribution for 1st Term** (Week 1-10 = 2 1/2 Months)

**Total no. of days per week =** 1 (30 Min).

| Week | Chapter | Qustions | Duration |
|---|---|---|---|
| 1 | 1 | 01-10 | 1st Month |
| 2 | 1 | 11-20 | 1st Month |
| 3 | 1 | 21-31 | 1st Month |
| 4 | 1 | Revision | 1st Month |
| 5 | 5 | 01-10 | 2nd Month |
| 6 | 5 | 11-20 | 2nd Month |
| 7 | 5 | 21-29 | 2nd Month |
| 8 | 5 | Revision | 2nd Month |
| 9 | 2 | Quiz | 3rd Month |
| 10 | 6 | Quiz | 3rd Month |

**Distribution for 2nd Term** (Week 1-10 = 2 1/2 Months)

**Total no. of days per week =** 1 (30 Min).

| Week | Chapter | Questions | Duration |
|---|---|---|---|
| 1 | 3 | 01-11 | 1st Month |
| 2 | 3 | 12-22 | 1st Month |
| 3 | 3 | 23-33 | 1st Month |
| 4 | 3 | 34-45 | 1st Month |
| 5 | 3 | Revision | 2nd Month |
| 6 | 3 | Revision | 2nd Month |
| 7 | 3 | Revision | 2nd Month |
| 8 | 3 | Revision | 2nd Month |
| 9 | 4 | Quiz | 3rd Month |
| 10 | 4 | Quiz | 3rd Month |